© rasailojaraid.com

دعوتی پیغام

فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے!

قومی انتخابات کی آمد آمد ہے۔ یہ انتخابات ملک کے وجود و بقا کے لیے فیصلہ کن اہمیّت رکھتے ہیں۔ یہ موقع ہے کہ آپ غلط رُخ پر جانے والی قومی گاڑی کو صحیح سمت دے دیں۔ **ووٹ** کی اہمیّت کو محسوس کیجیے۔ یہ شغل و تفریح نہیں، ذمہ داری سے اور شعور سے کرنے کا کام ہے۔

ووٹ ایک امانت ہے۔ امانت اس کے اہل کے سپرد کرو۔ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا (النساء ۴:۵۸)، خیانت نہ کیجیے۔

ووٹ شہادت (گواہی) ہے۔ غلط شہادت سے بچنے کا حکم اللہ نے دیا ہے۔ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ (الحج ۲۲:۳۰)۔ فرمایا اللہ کے رسولؐ نے: ''جھوٹی گواہی شرک کے برابر ہے''۔ سچّی گواہی دیجیے۔

ووٹ وکالت کا پروانہ ہے۔ اچھا وکیل منتخب کریں، صُمٌّ بُکْمٌ نہ ہو۔

ووٹ ایک سفارش ہے، اپنے بھلے کے لیے۔

—— اللہ سے ڈرنے والوں کو منتخب کیجیے۔ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ (الحجرات ۴۹:۱۳)

—— اپنے آس پاس یہ شعور بیدار کیجیے کہ **ووٹ** کے دن گھر بیٹھنا ظلم ہے۔ ووٹ دیں اور درست نمایندے کو دیں۔ اس کے ہر نیک کام میں حصّہ دار ہوجائیں گے۔ اگر آپ کی عدم دل چسپی سے غلط نمایندہ آگے آپہنچا تو خرابیوں کے ذمہ دار عنداللہ آپ بھی ہوں گے۔

طالبِ دُعا: ڈاکٹر مسعود احمد خاں، واہ کینٹ

© rasailojaraid.com